ادغام ناقص

ادغام ناقص کا مطلب ادھورا ملانا ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس قاعدے میں ن ساکن اور تنوین کو ی و م ن میں سے کسی حرف سے ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ ادغام ناقص کے چار حروف ہیں ی و م ن جن کا مجموعہ یُوْمِنُ ہے۔ اگر یُوْمِنُ میں سے کوئی حرف ن ساکن اور تنوین میں سے کسی کے بعد آئے تو پھر ن ساکن اور تنوین کو یُوْمِنُ کے کسی حرف کے ساتھ ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

اگر کسی لفظ میں ادغام ناقص ہو تو اس لفظ کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟ اس لفظ میں ن ساکن اور تنوین کو یُوْمِنُ میں سے کسی حرف کے ساتھ ادھورا ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ ادغام تام کی طرح ادغام ناقص پر قرآن شریف میں دوسرے حرف پر تشدید لکھا ہوتا ہے۔

ی کی مثالیں

نْ	دوزبر	دوزیر	دوپیش
وَمَنْ يَّعْمَلْ	خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ	سَيِّئَةً يَّكُنْ	كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ
لَّنْ يَّقْدِرَ	لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	قَسِيَةً يُّحَرِّفُوْنَ	قَائِمٌ يُّصَلِّي
مَنْ يَّخْشٰى	صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَا	سَنَةً يَتِيْهُوْنَ	أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ

و کی مثالیں

نْ	دوزبر	دوزیر	دوپیش
مِنْ وَّرَآءِ	صِبْغَةً وَّنَحْنُ	وَنَفْسٍ وَّمَا	مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ
مِنْ وَّاقٍ	أُمَّةً وَّسَطًا	وَوَالِدٍ وَّمَا	عَدُوٌّ وَّلَكُمْ
مِّنْ وُّجْدِكُمْ	دُعَاءً وَّنِدَاءً	قُوَّةٍ وَّلَا	عَدْلٌ وَّلَا هُمْ

AzanGuru

مِ کی مثالیں

نْ	دو زبر	دو زیر	دو پیش
مِّنْ مَّغْرَمٍ	سَعَةً مِّنَ الْمَالِ	أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ	رَسُولٌ مِّنَ اللهِ
مِّنْ مَّسَدٍ	أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ	بِغَضَبٍ مِّنَ اللهِ	خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ
مِنْ مَّآءٍ	مَّغْفِرَةً مِّنْهُ	خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ	نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ

ن کی مثالیں

نْ	دو زبر	دو زیر	دو پیش
مِنْ نِّعْمَةٍ	رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً	كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ	حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ
لَنْ نُّشْرِكَ	جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ	بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيلٍ	سُورَةٌ نَّظَرَ
مِنْ نُّورِكُمْ	نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ	فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ	بَخِعٌ نَّفْسَكَ

نوٹ:۔ قرآن شریف کے ان چار الفاظ میں ادغام نہیں ہوتا۔بلکہ اظہار مطلق ہوتا ہے۔

1	دُنْيَا	قرآن شریف میں تقریباً ۱۱۵/ بار آیا ہے۔
2	بُنْيَانٌ	قرآن شریف میں سات بار آیا ہے دوبار سورۃ التوبۃ میں، ایک ایک بار سورۃ نحل، الکهف، الصافات، الصف
3	صِنْوَانٌ	قرآن شریف میں دوبار آیا ہے۔سورۃ الرعد کی آیت چار میں۔
4	قِنْوَانٌ	قرآن شریف میں صرف ایک بار آیا ہے سورۃ الانعام آیت ۹۹ میں۔

AzanGuru